زندگی گزارنے کے آداب

ائمہ علیہم السلام کے ارشادات کی روشنی میں

We Provide The Standard

5

خصال

شیخ الصدوقؒ

AL-KISA®
PUBLISHERS
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
[illegible]

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

نام کتاب	خصال
مؤلف	شیخ الصدوق علیہ الرحمہ
تحقیق وتشریح	محمد باقر کمرہ ای
مترجم	عمران رجانی
مترجم تشریحات	ملیکہ خاتون کاظمی
تزئین وتصحیح	سید فیضیاب علی رضوی
کمپوزنگ	الکساء پبلیشرز (آرٹ ڈیپارٹمنٹ)
اشاعت اول	اکتوبر ۲۰۰۳، رمضان ۱۴۲۳
اشاعت دوئم	جولائی ۲۰۰۸، رجب ۱۴۲۹

AL-KISA®
PUBLISHERS
We Provide The Standard
R-159 Sector 5-B/2 North Karachi, Uc-12, 75850
Ph# 021-8205932 E-mail# Alkisapublishers@hotmail.com

شخص نے کہا: یہ نام تو میری ماں نے رکھا تھا اور بہت کم لوگ ایسے ہیں جنہیں میرا یہ نام معلوم ہے۔ امام جعفر صادق نے اس سے کہا: اے سعد مولیٰ تم نے بالکل ٹھیک کہا تو اس شخص نے کہا: میں آپ پر قربان، یہ میرا لقب ہے۔ امام جعفر صادق نے فرمایا: لقب میں کوئی بھلائی نہیں پائی جاتی، اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی کتاب میں فرماتا ہے: ولا تنابزوا بالألقاب بئس الأسم الفسوق بعد الإيمان ایک دوسرے کو بُرے ناموں سے مت پکارو اور ایمان کے بعد نافرمانی کے نام رکھنا بہت بُری بات ہے۔ (سورۂ حجرات - آیت ۱۱) اے سعد تمہارا پیشہ کیا ہے؟ اس شخص نے کہا: میں آپ پر قربان، میں خاندانی نجومی ہوں مگر ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ یمن میں ہم سے اچھا نجومی کوئی نہیں!

امام جعفر صادق نے اس سے کہا: اب میں تم سے کچھ پوچھتا ہوں تو اس یمانی نے کہا: نجوم کے متعلق آپ جو چاہیں پوچھ لیں کہ میں اپنے علم سے آپ کو جواب دوں گا۔

امام جعفر صادق نے فرمایا: سورج کی روشنی چاند کی روشنی سے کتنے درجہ زیادہ ہے؟ اس نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو، چاند کی روشنی زہرہ کی روشنی سے کتنے درجہ زیادہ ہے؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو، زہرہ کی روشنی مشتری کی روشنی سے کتنے درجہ زیادہ ہے؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو مشتری کی روشنی عطارد کی روشنی سے کتنے درجہ زیادہ ہے؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو، اس ستارہ کا کیا نام ہے کہ جب وہ طلوع ہوتا ہے تو اونٹ ہیجان میں آجاتا ہے؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو، اس ستارہ کا کیا نام ہے کہ جب وہ طلوع ہوتا ہے تو گائے ہیجان میں آجاتی ہے؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہہ رہے ہو، اس ستارہ کا کیا نام ہے کہ جب وہ طلوع ہوتا ہے تو کتے ہیجان میں آجاتے ہیں؟ اس یمانی نے کہا: میں نہیں جانتا۔

آپ نے فرمایا: تم ٹھیک کہتے ہو کہ "میں نہیں جانتا" تمہارے نظریہ کے مطابق نجوم میں زحل کی کیا حیثیت ہے تو اس یمانی نے کہا: نحس ستارہ ہے۔

امام جعفر صادق نے فرمایا: چپ رہو! ایسا مت کہو کیونکہ یہ امیر المومنینؑ کا ستارہ ہے، یہ اوصیاءؑ کا ستارہ ہے اور یہی نجم الثاقب ہے کہ جس کے متعلق اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔

اس یمانی نے کہا: ثاقب کا کیا مطلب ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے طلوع ہونے کا مقام ساتویں آسمان میں ہے اور یہ اپنی روشنی کے ذریعہ سوراخ بناتا ہے تاکہ دنیا میں چمک سکے اور اسی وجہ سے اللہ نے اس کا نام نجم الثاقب (سوراخ کرنے والا ستارہ) رکھ دیا۔

اے برادر یمنی، تمہارے ہاں تو علماء بھی ہیں تو اس یمانی نے کہا: ہاں، میں آپ پر قربان، یمن میں کچھ لوگ ایسے ہیں کہ ان کے علم میں ان کا کوئی مقابل نہیں۔

امام جعفر صادق نے فرمایا: ان کے عالم کے علم کی رسائی کہاں تک ہے؟ اس یمانی نے کہا: وہ پرندہ سے فال لیتا ہے اور ایک ساعت